| سبقی منصوبہ بندی:1 | مضمون:اسلامیات | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت:40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ:2 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: دعوت و تبلیغ | باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دینِ اسلام کی تبلیغ کا مفہوم، ضرورت اور اہمیت جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی دعوتِ اسلام کے آغاز میں اندازِ تبلیغ کے بارے میں جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی زندگی ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔ قیامت تک آنے والے انسانوں کی راہ نمائی کا واحد ذریعہ آپ خاتم النبیین ﷺ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید اور آپ
خاتم النبیین ﷺ کی سنّت اور سیرتِ مبارکہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا ابدی پیغام حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ کے ذریعے مخلوق تک پہنچایا۔ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے اعلانِ نبوت کے بعد اپنی ساری زندگی ان ابدی پیغامات کی دعوت و تبلیغ میں گزار دی۔ سچائی اور نرمی آپ ﷺ کی ذات کا خاصہ ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۵ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو دعوت و تبلیغ کا مطلب بتائیں۔ لوگوں کو دینِ اسلام کی طرف بلانا اور اُن تک احکامِ الٰہی کی دعوت پہنچانا۔

- طلبہ کو مزید بتائیں کہ رسول ﷺ نے فرمایا میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ جب تک تم اس کو پکڑے رہو گے گمراہ نہیں ہوگے۔ ایک اللہ کی کتاب (کہ اُس کو مضبوطی سے تھامے رہو) اور دوسری چیز میرے اہلِ بیت ہیں۔ (صحیح مسلم: حدیث ۶۲۲۵)
- نیز طلبہ کو یہ بھی بتائیں کہ نبی کریم ﷺ کے بعد اب کوئی نبی نہیں آئے گا۔ اب یہ فریضہ امت محمدیہ ﷺ کے سپرد کیا گیا ہے کہ وہ اسلام کی تبلیغ کریں۔ اللہ کے نائب ہونے کے ناطے اسلام کی تبلیغ ہم سب پر واجب ہے۔ ہر مومن کو نظامِ الٰہی کے قیام کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے رہنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں دین کی نشر و اشاعت اور دعوتِ تبلیغ کے حوالے سے حضور نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کو قرآن مجید میں حکم دیا گیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

ترجمہ: "اے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ جو چیز آپ خاتم النبیین ﷺ کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اسے دوسروں تک پہنچائیں اگر آپ خاتم النبیین ﷺ نے ایسا نہیں کیا تو آپ خاتم النبیین ﷺ نے فریضہ رسالت ادا نہیں کیا"۔ (سورۃ المائدۃ: ۶۷)

- چنانچہ اس فرض کی ادائیگی کے لیے آپ خاتم النبیین ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ کو اسلام کے پیکر میں ڈھال کر ایک بہترین نمونہ پیش کیا۔
- قرآن پاک میں خود اللہ پاک فرماتا ہے:

ترجمہ: بے شک تمہارے لیے رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی زندگی بہترین نمونہ ہے جو اللہ سے ملنے اور قیامت کے آنے کی اُمید کرتا ہو اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرتا ہو۔ (سورۃ الاحزاب: ۲۱)

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| احکام | اِح۔کام | حکم کی جمع |
| تبلیغ | تَب۔لیغ | خُدا کا حکم پہنچانا |

**اعادہ: 2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ: 6منٹ**

طلبہ سے سوال کریں: دعوت و تبلیغ کا کیا مطلب ہے؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی دعوت و تبلیغ سے متعلق کوئی واقعہ اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ | سبق کا نام: دعوت و تبلیغ |

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- دینِ اسلام کی تبلیغ کا مفہوم، ضرورت اور اہمیت جان سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی دعوتِ اسلام کے آغاز میں اندازِ تبلیغ کے بارے میں جان سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دعوتِ دین میں عمل اور اخلاق کا بہت دخل ہے یعنی نرم مزاجی اور خوش اخلاقی سے ہی مخالف کا دل دینِ الٰہی کی طرف لایا جا سکتا ہے اور ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ میں یہ تمام اوصاف بدرجہ اتم موجود تھے۔ جس کی وجہ سے کفار اور مشرکین جوق در جوق دائرہ اسلام میں داخل ہوئے۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۲۵ سے دوسرے پیراگراف کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- اُنھیں بتائیں وحی کے نزول کے کچھ عرصے بعد سورۃ المدثر کی ابتدائی آیات نازل ہوئیں، جن میں اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کو حکم دیا کہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے دین کی طرف بلائیں۔ شروع میں آپ خاتم النبیین ﷺ نے دعوتِ دین کا کام رازداری سے کیا اور صرف قریبی لوگوں کو دعوت دین پیش کی۔
- قرآنِ مجید میں آپ خاتم النبیین ﷺ کو مخاطب کر کے کہا گیا:

ترجمہ: ”اور اگر آپ ﷺ تند خو اور سخت دل ہوتے تو لوگ آپ خاتم النبیین ﷺ کے گرد سے چھٹ جاتے“۔ (سورۃ آل عمران: ۱۵۹)

- ایک اور جگہ ارشاد فرمایا:
- ترجمہ: ”آپ خاتم النبیین ﷺ اپنے رب کی راہ کی طرف بلائیں حکمت، عمدہ نصیحت اور احسن طریق سے“۔ (سورۃ النحل: ۱۲۵)
- طلبہ کو چند عملی مثالوں سے وضاحت کریں۔ ایک شخص آپ خاتم النبیین ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کچھ بکریاں مانگیں۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے ایک بہت بڑا ریوڑ عطا کر دیا۔ وہ آپ خاتم النبیین ﷺ کی فیاضی سے اس قدر متاثر ہوا کہ واپس جا کر قبیلے والوں کو اکٹھا کر کے کہا: ”مسلمان ہو جاؤ محمد خاتم النبیین ﷺ اس قدر عطا کرتے ہیں کہ مفلسی کا خدشہ باقی نہیں رہتا“۔
- حدیث میں روایت ہے کسی یہودی کا ایک بچہ آپ خاتم النبیین ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا۔ وہ بیمار ہوا تو نبی کریم خاتم النبیین ﷺ اس کی عیادت کے لیے گئے اور اس کے سرہانے بیٹھ گئے۔ پھر اس سے فرمایا: ”تم مسلمان ہو جاؤ، اس نے اپنے باپ کی طرف دیکھا۔ اس کے باپ نے کہا: ابو القاسم ﷺ کی اطاعت کرو“، تو وہ مسلمان ہو گیا آپ خاتم النبیین ﷺ یہ کہتے ہوئے اُٹھ کھڑے ہوئے، تمام تعریفیں اُس ذات کے لیے ہیں جس نے اس کو میری وجہ سے آگ سے نجات دی۔ (سنن ابی داؤد: ۳۰۹۵)
- طلبہ کو بتائیں یہ دعوتِ دین کا وہ طریقہ کار ہے جو ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے ہمارے لیے بطور نمونہ دیا۔ اب یہ ہم پر لازم ہے کہ اپنے پیارے نبی خاتم النبیین ﷺ کی سیرت و کردار کو اپنائیں۔ اسی میں دین و دنیا کی کامیابی ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5 منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| پس پردہ | پس۔ پَردہ | چھپا ہوا |
| نزول | نُ۔ زُول | نازل ہونا |
| وحی | وَحی | اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتے حضرت جبرائیل علیہ السلام کا نبی کے پاس خُدا کے احکام لے کر آنا۔ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سبق کے متعلق سوالات کریں اور اُن کی سمجھ بوجھ کا اندازہ کریں کہ کس حد تک انھیں سبق کی سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی:** **5منٹ**

اساتذہ کرام کی مدد سے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی دعوت و تبلیغ سے متعلق کوئی واقعہ اپنی کاپیوں میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 2 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ ﷺ | سبق کا نام: دعوت و تبلیغ |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والوں کے ناموں سے آگاہ ہو سکیں۔
- اسلام کی دعوت کے دوران میں قریشِ مکّہ کی مخالفت اور رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ پر کیے گئے مظالم سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دوسری وحی میں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ لوگوں کو اللہ کے دین کی طرف بلائیں۔ سب سے پہلے آپ خاتم النبیین ﷺ نے اپنے گھر والوں اور قریبی ساتھیوں کو دینِ اسلام کی دعوت دی۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- تختہ تحریر نمایاں کر کے لکھیں۔
  - عورتوں میں سب سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اسلام قبول کیا۔
  - مردوں میں سب سے پہلے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا۔
  - بچوں میں سب سے پہلے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسلام قبول کیا۔
- طلبہ کو بتائیں ابتدا میں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے دعوت و تبلیغ کا کام رازداری سے کیا۔ آپ ﷺ خفیہ طور پر تبلیغ دین کا سلسلہ تین سال جاری رکھا۔
- انھیں بتائیں جب نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کو اپنے قریبی رشتہ داروں کو دعوتِ حق دینے کا حکم ہوا۔ تو باری تعالیٰ نے فرمایا:

ترجمہ: اور (اے حبیبِ مکرم) آپ اپنے قریبی رشتہ داروں کو اللہ سے ڈرایئے۔ اور جو مومن آپ

خاتم النبیین ﷺ کی اتباع کرتے ہیں۔ان کے ساتھ عاجزی وانکساری کا رویّہ اختیار کریں اور جو لوگ آپ خاتم النبیین ﷺ کی نافرمانی کریں تو آپ خاتم النبیین ﷺ ان سے کہہ دیجیئے کہ میں تمھارے اعمال سے بری الذّمہ ہوں۔(سورۃ الشعرآء، آیت: ۲۱۶-۲۱۴)

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے جن ساتھیوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔اُن کے نام تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ سے بلند خوانی کروائیں۔
  - حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ
  - حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ
  - حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ
  - حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ
- جب نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے دعوتِ دین کا کام بظاہر شروع کیا۔اُس وقت آپ خاتم النبیین ﷺ کو بہت زیادہ تکالیف اٹھانا پڑیں۔کافروں نے آپ خاتم النبیین ﷺ کو اسلام کی دعوت سے روکنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| شرکت | شر۔کت | شامل |
| مشرک | مُش۔رک | وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہرائے |
| بے دھڑک | بے۔دھڑک | بے خوف |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا تصور مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے مشق جزو(۱) کے سوال(۱)،(۲)اور(۳)پوچھیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو گھر میں دہرائیں۔

**سر گرمی:** **5منٹ**

طلبہ کو دعوتِ اسلام کے حوالے سے بتائیں اور کمرا جماعت میں ایک دوسرے کو دعوت دین دینے کی ترغیب دلائیں۔